UGC Care Listed

شمارہ ۵۳ (جولائی تا ستمبر ۲۰۲۱ء)

تحریک ادب

ISSN 2322-0341

A Peer Reviewed,
Referred Literary And Research Journal

website: www.tahreekeadab.com
e-mail: tahreekeadab2008@gmail.com
e-mail: jaweanwar@gmail.com
Cell: +91-9935957330

مدیر

جاوید انور

گوشہ

ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

Scanned with CamScanner

ڈاکٹر شمس کمال انجم (راجوری)

Dr.S. Kamal "Anjum"(Rajauri)

ہماری زندگی کا دونوں پہیا کھینچ لیتا ہے
جوانی کو بہت جلدی بڑھاپا کھینچ لیتا ہے

فقیر شہر کو اس بات سے بے حد مسرت ہے
کہ اس کا بیٹا اب ہاتھوں سے رکشہ کھینچ لیتا ہے

اسے ہر وقت اس کی منزلیں آواز دیتی ہیں
اسے ہر وقت اپنی سمت رستہ کھینچ لیتا ہے

چلا جاتا ہوں اپنی کار لے کر اس کے گھر کو میں
اٹومیٹک مجھے اس کا سراپا کھینچ لیتا ہے

کسی کی شاعری مجھ کو بہت کم کم لبھاتی ہے
مگر مجھ کو چچا غالب کا مطلع کھینچ لیتا ہے

برہمن بھی کبھی سر پر لگا لیتا ہے ٹوپی ، تو
ہمارا قائد ملت بھی قشقہ کھینچ لیتا ہے

جب انساں سرکشی کی پار کر جاتا ہے سرحد شمسؔ
خدائے پاک بھی عزت کا پردہ کھینچ لیتا ہے

☆☆☆☆

عرفان عارفؔ (جموں)

Irfan "Arif"(Jammu)

چند لمحوں کی روشنی کے لئے
روز مرتے ہیں زندگی کے لئے
ہر گھڑی مجھ سے دور رہتا ہے
جس کو مانگا تھا ہر گھڑی کے لئے
ہم اسی روشنی کے حامی ہیں
جو ہے مشہور تیرگی کے لئے
تم محبت کی بات کرتے ہو
ہم ہیں بدنام بندگی کے لئے
وہ ہے عرفانؔ غیر ممکن ہے
اس کو پا لینا ہر کسی کے لئے

(2)

ستم گر کے ستم سہنے سے کیا فرق پڑتا ہے
اندھیروں میں پڑے رہنے سے کیا فرق پڑتا ہے
اسے تو نام پہ مذہب کے بس کرنی سیاست ہے
کسی کو بھی خدا کہنے سے کیا فرق پڑتا ہے
لٹا کے گھر کی عظمت کو چھپا کر اپنے چہرے کو
جھکائے سر کھڑے رہنے سے کیا فرق پڑتا ہے
صحافت آج بے شرمی کا چولا اوڑھ بیٹھی ہے
جو جی میں آئے وہ کہنے سے کیا فرق پڑتا ہے
حمایت کرنے اٹھے ہیں غریبوں کی کسانوں کی
میاں عرفان چپ رہنے سے کیا فرق پڑتا ہے

☆☆☆☆

Scanned with CamScanner